سوال

(207) شوال کے چھ روزوں کی عید؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہمارے محلے کی بعض خواتین شوال کے چھ روزے رکھنے کے بعد سات شوال کو عید کرتی ہیں، عید کی نماز تو نہیں پڑھتیں مگر سویاں اور پھیونیاں وغیرہ پکا کر عید کا سا رنگ ڈھنگ اپناتی ہیں، ان کا یہ طرز عمل کیسا ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عیدالفطر کے بعد شوال کے چھ روزوں کی بہت زیادہ فضیلت احادیث میں بیان ہوئی ہے مگر یہ لگاتار رکھنا ضروری نہیں ہیں، مزید برآں یہ روزے نفل ہیں فرض نہیں۔ شریعت میں نفل روزوں کے بعد عید کرنے کا تصور ہی نہیں نیز عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے علاوہ کوئی تیسری عید نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی

رمضان المبارک اور روزہ، صفحہ: 480

محدث فتویٰ